قرآن کا نظریہ سلطنت ۔ از پروفیسر ہارون خاں شیروانی۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۲۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت مجلد ؏ ۔ پتہ: آئینہ ادب چوک مینار انارکلی۔ لاہور

یہ رسالہ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے قرآن کے نظریہ سلطنت پر ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے وقت ایران اور روما جو اس وقت دنیا کی سب سے زیادہ ترقی یافتہ اور مہذب سلطنتیں تھیں ان کا نظام حکمرانی کیا تھا؟ انسانی معاشرہ کتنے طبقات اور گروہوں میں تقسیم تھا، خود حجاز کا سیاسی نظام کیا تھا؟ ان مسائل پر گفتگو کرنے کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اسٹیٹ قائم کی، قرآن کی تعلیمات وہدایات کی روشنی میں اس اسٹیٹ کا بنیادی نقطۂ نگاہ کیا تھا؟ اس میں عدل وانتظام کے مختلف اداروں کی نوعیت کیا تھی؟ فاضل مصنف نے ان سب پر بڑی سنجیدہ اور عالمانہ گفتگو کی ہے۔ اصل کتاب انگریزی میں تھی۔ مولوی سعید الحق صاحب عمادی نے سہل اور صاف اردو میں ترجمہ کیا ہے۔

یورپ میں چار ہفتے ۔ از جناب شورش کاشمیری۔ تقطیع متوسط ضخامت ۲۰۷ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت مجلد للعہ چار روپے۔ پتہ: دفتر چٹان۔ لاہور۔

یہ کتاب جناب شورش صاحب کشمیری کا یورپ کا سفر نامہ ہے جو خطوط کی شکل میں ہے۔ یہ سفر اگرچہ مختصر تھا لیکن پھر بھی یورپ کے مشہور ملک انگلینڈ۔ فرانس۔ جرمنی۔ اٹلی۔ سوئٹزرلینڈ اور آسٹریا اور ان کے علاوہ لبنان۔ ان سب کا تذکرہ اس میں آگیا ہے۔

شورش صاحب پاکستان کے مشہور صحافی بھی ہیں اور ادیب وشاعر بھی اس لئے انھوں نے ہر مقام کو مورخ کی حیثیت سے بھی دیکھا ہے اور ایک ادیب وشاعر کے نقطۂ نظر سے بھی۔ چنانچہ ان کے قلمی تاثرات میں یہ تینوں رنگ صاف نمایاں ہیں بعض بعض تنقیدی فقرے تو اس قدر چست، برمحل اور پُر از معنی ہیں کہ بس پڑھئے اور لطف اٹھایئے۔ اس بنا پر تاریخی اور ادبی دونوں حیثیتوں سے مطالعہ کے لائق ہے۔ کتاب میں مختلف قسم کے فوٹو بھی بکثرت ہیں۔